**07.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

.....................................................................

☆ دلّی اسمبلی انتخابات ایک ہی مرحلے میں 5 فروری کو ہوں گے۔ ووٹوں کی گنتی آٹھ تاریخ کو ہوگی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پرسنل ڈاٹا کے تحفظ سے متعلق ضوابط 2025 کا مجموعہ شہری مرکوز حکمرانی کے بھارت کے عزم کو ترجیح دیتا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے صاف لفظوں میں کہا ہے کہ بھارت پول پورٹل اور تین نئے فوجداری قوانین اُن مفرور افراد کو پکڑنے کا ایک مضبوط نظام فراہم کریں گے، جو ملک سے فرار ہوگئے ہیں۔

☆ نیپال-تبت سرحد پر زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 126 ہوگئی ہے۔تقریباً 190 افراد زخمی ہیں۔

☆ اور حکومت نے موجودہ مالی برس کیلئے بھارت کی GDP کے چھ اعشاریہ چار فیصد کی شرح نمو کا اندازہ ظاہر کیا ہے۔

.....................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***ECI Delhi Polls***

دلّی میں اسمبلی انتخابات 5 فروری کو ایک ہی مرحلے میں ہوں گے اور ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔ انتخابی کمیشن نے آج 70 ارکان والی دلّی اسمبلی کے انتخابات کیلئے تاریخوں کا اعلان کیا۔

نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے بتایا کہ نوٹیفکیشن اِس ماہ کی 10 تاریخ کو جاری کیا جائے گا۔

S/B 2100 Rajiv Kumar On EVM

اعلیٰ انتخابی کمشنر نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں گڑبڑ کرنے، شام پانچ بجے کے بعد ووٹروں کی تعداد بڑھانے اور گنتی کے عمل کو سست کرنے کے الزامات کی تردید کی۔ انھوں نے ایک بار پھر کہا کہ الیکٹرانک ووٹنگ مشینیں نقص سے پاک آلات ہیں اور ووٹروں کی تعداد سے متعلق اعداد وشمار کو تبدیل کرنا ناممکن ہے۔ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ انتخابات کی تاریخوں کے اعلان کے ساتھ ہی ضابطۂ اخلاق نافذ ہوگیا ہے۔

VC Pallavi

دلّی میں آنے والے اسمبلی انتخابات میں لڑنے والے امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ایک کروڑ 55 لاکھ ووٹرس کریں گے۔ کُل ووٹروں میں 83 لاکھ مرد ووٹر ہیں، 71 لاکھ خواتین ووٹرز ہیں اور ایک ہزار 200 تیسری جنس سے تعلق رکھتے ہیں۔ قومی راجدھانی میں ایک لاکھ سے زیادہ ووٹروں کی عمر 85 برس یا اُس سے زیادہ ہے۔

انتخابات میں دولت کی طاقت کے استعمال کی روک تھام کیلئے قومی شاہراہوں اور ریل کے روٹس پر اہم چوکیوں پر 24 گھنٹے CCTV سے نگرانی کی جائے گی۔ تمام پارٹیوں کے ہیلی کاپٹروں، چناوٴ مہم چلانے والے اہم لیڈروں کی بھی چیکنگ ہوگی۔ موجودہ اسمبلی کی مدت اگلے ماہ کی 23 تاریخ کو ختم ہوجائے گی۔2020 کے اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی نے 62 سیٹیں جیتی تھیں، BJP کو آٹھ سیٹیں ملی تھیں اور کانگریس اپنا کھاتہ بھی نہیں کھول پائی تھی۔

دپیندر کمار، سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

انتخابی کمیشن نے اترپردیش کے مِلکی پور اور تمل ناڈو کے Erode (ایسٹ) کے دو اسمبلی حلقوں کیلئے ضمنی انتخابات کا بھی اعلان کیا ہے۔

انتخابات کی تاریخوں کے اعلان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے BJP کے صدر اور مرکزی وزیر صحت جے پی نڈّا نے سوشل میڈیا کے ایک پلیٹ فارم پر کہا ہے کہ انتخابات ایک وسیلہ ہیں جو ملک کو ترقی کی راہ پر بڑھتے رہنے اور بہتر حکمرانی کی جانب گامزن رکھتے ہیں۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے دلّی BJP کے صدر وریندر سچدیوا نے کہا کہ قومی راجدھانی میں 5 فروری کو ووٹر ایک نئی، خوشحال اور خوبصورت دلّی کو شکل وصورت دینے کے عمل میں حصہ لیں گے۔

S/B 2100 Virendra Sachdeva

دلّی کانگریس کے صدر دویندر یادو نے کہا کہ دلّی کے عوام، تبدیلی کیلئے ووٹ کریں گے کیونکہ عام آدمی پارٹی کی حکومت اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

S/B 2100 Devendra Yadav

عام آدمی پارٹی کے لیڈر منیش سسودیا نے امید ظاہر کی ہے کہ ووٹر اُن کا پارٹی کا انتخاب کریں گے تاکہ وہ حکومت بنا سکیں۔

S/B 2100 Manish Sisodiya

## PM Data Protection

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پرسنل ڈاٹا کے تحفظ سے متعلق ضوابط 2025 کا مسودہ شہری مرکوز حکمرانی کے بھارت کے عزم کو ترجیح دیتا ہے۔ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو کے ایک پوسٹ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ضابطوں کا مقصد پرسنل ڈاٹا کا تحفظ تو ہے ہی، ساتھ ہی ترقی کی رفتار اور سب کی شمولیت کو آگے بڑھانا ہے۔ ڈیجیٹل پرسنل ڈاٹا کے تحفظ سے متعلق ضابطوں کا مسودہ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے جاری کیا ہے۔ ضابطوں کا مسودہ شہریوں کے ڈیجیٹل پرسنل ڈاٹا کے

تحفظ کو یقینی بنانے کے بھارت کے عزم کا ایک ثبوت ہے، ساتھ ہی یہ اختراعات کی جانب رواں اور سب کی شمولیت والی ترقی کے حصول کی بات کرتا ہے۔

وزارت نے MyGov پلیٹ فارم کے ذریعے اگلے ماہ کی 18 تاریخ تک عوام اور تمام طرفین سے ضوابط کے اِس مسودے پر اُن کے تاثرات اور تبصرے طلب کئے ہیں۔x

### Amit Shah Bharatpoll

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت پول پورٹل اور تین نئے فوجداری قوانین، اقتصادی جرائم کے مرتکب اُن مفرور افراد کو پکڑنے کیلئے ایک مضبوط طریقہ کار کے طور پر کام کریں گے جو بیرونِ ملک بھاگ جاتے ہیں۔ آج نئی دلّی میں بھارت پول پورٹل کا آغاز کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ یہ تحقیقاتی ایجنسیوں اور سبھی ریاستوں کی پولیس کو 195 ممالک کے انٹرپول نیٹ ورک سے مربوط کرکے جرائم کی روک تھام میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔

2100- Amit Shah on Bharat Poll

مرکزی جانچ بیورو CBI کی جانب سے تیار کردہ بھارت پول پورٹل کا مقصد انٹرپول کے ذریعے بین الاقوامی مدد کی خاطر سبھی درخواستوں پر سلسلے وار طریقے سے عملدرآمد کرنا ہے جن میں ریڈ نوٹسوں کا جاری کیا جانا اور انٹرپول کے دیگر رنگوں پر مبنی نوٹس شامل ہیں۔x

### PM Exam Warriors

وزیر اعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر Exam Warriors آرٹ فیسٹیول کی ستائش کی ہے کہ اُس نے آرٹ کے ذریعے امتحانات کے دباؤ سے ابھرنے میں طلبا کی مدد کی ہے۔ یہ فیسٹیول اِس ماہ کی 4 تاریخ کو نئی دلّی میں منعقد ہوا تھا۔ نویں سے بارھویں جماعت تک کے 30 اسکولوں کے طالب علموں نے اِس تقریب میں شرکت کی اور اپنی تخلیقیت کا مظاہرہ کیا۔x

### PM Eu Prrez

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج یوروپین کونسل کے صدر Antonio Costa سے بات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین فطری شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طرفین، ٹیکنالوجی، ماحول کیلئے سازگار توانائی، تجارت و سرمایہ کے شعبوں سمیت بھارت یوروپین کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر مل کر کام کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔ x

### Vaishnaw Calendar Launch

اطلاعات اور نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج ریل بھون میں مرکزی حکومت کے سرکاری کیلنڈر کا اجرا

کیا۔ اِس برس کے کیلنڈر کا موضوع ہے ''جن بھاگیداری سے جن کلیان''۔ تقریب کے دوران جناب ویشنو نے کہا کہ کیلنڈر، حکومت کے نصب العین ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس'' کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہر صفحہ حکومت کے اُن منفرد اثرات کو اجاگر کرتا ہے جو حکومت نے ٹیکنالوجی، کسان اور زراعت، غربت کے خاتمے، خواتین کی بااختیاری، بنیادی ڈھانچے، سووچھ بھارت کے ذریعے صفائی ستھرائی نیز کھیل اور کھلاڑی سمیت مختلف شعبوں سے وابستہ عوام پر ثبت کئے ہیں۔x

## Lucknow Rajnath Singh

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ملک کے مستقبل کی تعمیر کی ذمہ داری اساتذہ پر ہے کیونکہ وہ آئندہ نسلوں کے مستقبل کی تشکیل کرتے ہیں۔ آج آگرہ میں اترپردیش کے سیکنڈری اساتذہ کی ایسوسی ایشن کی 57 ویں کانفرنس سے کے افتتاح کے دوران وزیر دفاع نے یہ بات کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ٹیچر کا کردار اسی لیے انتہائی اہم ہے کیونکہ وہ طلباء میں شعور کے ساتھ صحیح متبادل کا انتخاب کرنے کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں۔

S/B: Rajnath Singh

## Nepal Tibet Earthquake

نیپال-تبت سرحدی خطے میں زلزلے کے سبب ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 126 ہوگئی ہے۔ چین کی سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ آج صبح خطے میں آئے سات اعشاریہ ایک شدت کے طاقتور زلزلے کے بعد 188 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ زلزلے کا مرکز، نیپال سرحد کے نزدیک تبت خود مختار خطے میں Xizang میں 10 کلو میٹر گہرائی میں تھا۔ اِس زلزلے کے بعد کے دو جھٹکے بھی محسوس کیے گئے۔ شمالی بھارت میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جن میں بہار، مغربی بنگال اور سکّم شامل ہیں۔ اب تک ملک میں کسی جانی یا املاک کے نقصان کی کوئی خبر نہیں ہے۔ x

## GDP Estimates

مالی برس 25-2024 کیلئے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے بارے میں اندازہ کیا گیا ہے کہ یہ چھ اعشاریہ چار فیصد ہوگی۔ اعداد وشمار اور پروگرام پر عمل آوری کی وزارت کے اعداد وشمار کے قومی دفتر کی جانب سے آج جاری موجودہ مالی برس کیلئے سالانہ GDP کے پیشرفت کے پہلے اندازے کے مطابق Nominal جی ڈی پی میں 9 اعشاریہ 7 فیصد کی ترقی ہوئی ہے۔ سابقہ مالی برس میں GDP کی شرح نمو کا اندازہ آٹھ اعشاریہ دو فیصد کیا گیا تھا جبکہ Nominal جی ڈی پی کی شرح ترقی کا اندازہ 9 اعشاریہ 6 فیصد تھا۔ وزارت نے مزید بتایا کہ Real گراس ویلیو ایڈیڈ GVA مالی برس 24-2023 کی سات اعشاریہ دو فیصد کی شرح ترقی کے مقابلے 6 اعشاریہ چار فیصد رہی ہے۔ Nominal جی وی اے میں سابقہ مالی برس کی آٹھ اعشاریہ پانچ فیصد کی شرح ترقی کے مقابلے 9 اعشاریہ تین فیصد کی شرح ترقی ہوئی ہے۔x

**Farmer Shivraj**

آج دلّی کے کسانوں نے زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان سے قومی راجدھانی میں ملاقات کی۔ میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ کسان، اُن مختلف اسکیموں کا فائدہ نہیں اٹھا پا رہے ہیں، جن کا قومی راجدھانی میں مرکزی حکومت کی جانب سے آغاز کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ انھوں نے اِس سلسلے میں دلّی کی وزیر اعلیٰ آتشی کو ایک خط لکھا ہے۔

S/B: 1945 Shivraj Singh

**Mandaviya Olympic**

کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے کھیلوں کے بھارتی ایکو نظام کو بہتر بنانے کیلئے متعلقہ فریقوں کی جانب سے جامع کوششوں کے ساتھ ایک منظّم طریقۂ کار پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں 152 ویں مشن اولمپک cell کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یہ بات کہی۔ میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویہ نے کہا کہ بھارت نے 2028 اولمپک کیلئے تیاریاں شروع کر دی ہیں اور کھیلوں میں کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے ایک حکمت عملی وضع کی گئی ہے۔

2100- Mansukh Mandaviya

میٹنگ کے بعد بھارتی بیڈمنٹن ٹیم کے چیف قومی کوچ Pullela گوپی چند نے کہا کہ گزشتہ 10 برس، بھارت میں کھیلوں کے اعتبار سے شاندار رہے ہیں۔

2100- Pullela Gopichand

**India Malaysia Dialogue**

بھارت اور ملیشیا نے انسدادِ دہشت گردی اور بنیاد پرستی کے خاتمے، سائبر سکیورٹی، دفاعی صنعت اور سمندری سرحدوں کی سلامتی کے شعبے میں تعاون کو مزید بڑھانے سے اتفاق کیا ہے۔ نئی دلّی میں آج اوّلین بھارت-ملیشیا سکیورٹی مذاکرات کے دوران، دونوں ملکوں نے اہم نوعیت کے معدنیات اور نایاب نوعیت کی مٹی کے شعبے میں تعاون کو بڑھانے کے راستوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اِس مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور ملیشیا کی قومی سلامتی کونسل کے ڈائرکٹر جنرل راجا داتو نوشیرواں بن زین العابدین نے کی۔x

**Gadkari Meeting**

سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ٹرانسپورٹ وزیروں کی ایک میٹنگ کی آج صدارت کی۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب گڈکری نے بتایا کہ اِس سالانہ میٹنگ کا مقصد ایک اہم پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے تاکہ مرکز اور ریاستی سرکاروں کے درمیان ہم آہنگی کو بڑھایا جاسکے اور اہم نوعیت کے پالیسی معاملات نیز قومی پیشرفت کیلئے سازگار حکمت

عملی میں پیشرفت پر سب کی شراکت والے تبادلہ خیال کی سہولت مہیا کرائی جاسکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس طرح کے مذاکرات، علاقائی چیلنجوں سے نمٹنے، بہترین عمل آوریوں میں ایک دوسرے کو شریک کرنے اور ملک بھر میں کایا پلٹ کردینے والی ٹرانسپورٹ پالیسیوں پر یکساں عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے بیحد اہم ہے۔x

## IMD Weather

پورا شمالی بھارت سرد لہر کی گرفت میں ہے اور صبح کے وقت گھنا کہرا چھایا ہوا ہے۔ اگلے تین سے چار دن کے دوران، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش، بہار، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ کے کچھ حصوں اور دلّی میں صبح اور رات کے وقت گھنا کہرا چھائے رہنے کی امید ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے کئی مقامات پر دن کے وقت بھی سردی کی شدت جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش میں کچھ مقامات پر کل گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔گھنے کہرے کی وجہ سے ملک کے شمالی حصے میں کئی ریل گاڑیاں اور پروازوں کی آمد ورفت متاثر ہوئی ہے۔ اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر دھندہ کی وجہ سے تقریباً 50 پروازوں میں تاخیر ہوئی ہے البتہ کوئی فلائٹ منسوخ نہیں کی گئی ہے۔ مسافروں سے درخواست ہے کہ وہ متعلقہ ایئرلائنس سے رابطے میں رہیں تاکہ فلائٹ کی تازہ ترین معلومات حاصل کرسکیں۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی بھارت کی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی کوالالمپور میں ملیشیا اوپن کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اِس جوڑی نے سیدھے سیٹوں میں تھائی لینڈ کی آرنیچا اور سُکیتا کی جوڑی کو شکست دی۔مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین اور تائیوان کے چی کے درمیان میچ آج رات ہوگا۔ آج ہونے والے کئی میچوں کو اسٹیڈیم کی چھت لیک ہوجانے کی وجہ سے ملتوی کرنا پڑا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆